## سوال

عشاء کے بعد کس کو باتیں کرنے کی اجازت ہے اور کس کو نہیں

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ترمذی میں ہے «لاسحر الا لمصل اومسافر» یعنی نمازی اور مسافر کو باتیں کرنے کی اجازت ہے اس سے کونسا نمازی مراد ہے جو بعد نمازِ عشاء گفتگو کر سکتا ہے۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اس حدیث «لاسحر الا لمصل» میں نماز سے مراد عشاء کی نماز ہے یعنی عشاء کی نماز کے انتظار میں بیٹھا تو باتوں کی اجازت ہے ۔ کیونکہ بعض دفعہ نماز عشاء دیر میں پڑھی جاتی ہے تو خیال ہوتا ہے کہ عشاء کے بعد بات چیت منع ہے تو عشاء کے معمول وقت کے بعد بھی یہی حکم ہوگا۔ اس بنا پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نماز کے انتظار میں ہو تو بات چیت منع نہیں تاکہ مطلب کی گفتگو بھی ہوجائے اور نیند بھی رکی رہے۔ اور یہ بھی احتمال ہے کہ نماز سے مراد عشاء کے بعد چار نفل ہوں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سونے سے پہلے پڑھا کرتے تھے ۔ ملاحظہ ہو منتقیٰ وغیرہ اور وتر وغیر بھی مراد ہو سکتے ہیں۔

## حاشیہ :

حدیث کے اصل الفاظ یہ ہیں۔

«عن خیثمۃ عن رجل من قومه عن عبداللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا سحر بعد الصلوة یعنی عشاء الاخرة الالاحد رجلین مصل او مسافر»

ان الفاظ سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز عشاء مراد لینا ٹھیک نہیں مگر کہا جائے بعد الصلوة میں حذف مضاف ہے ۔ یعنی بعد وقت یعنی « المعتاد لها فافهم» (مسند احمد جلد اول صفحہ نمبر379)

وباللہ التوفیق

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الصلوۃ، نماز کا بیان، ج2ص85